© rasailojaraid.com



زیر نظر کتاب میں اس کی تفصیل پیش کی ہے۔ اصل میں یہ آئزک بروس کی یادداشتوں کا مجموعہ ہے۔

غالباً مصنف نے یہ فرض کر لیا ہے کہ قاری، سنڈیمین اور خود بروس اور برطانوی حکومت کے بارے میں بہت کچھ جانتا ہے۔ ہمارے خیال میں (کم از کم اس اردو ترجمے میں) مذکورہ دونوں افسروں کے مختصر کوائف اور فورورڈ پالیسی کا کچھ سیاق و سباق دینا مناسب تھا-- بایں ہمہ یہ کتاب بلوچستان کی تاریخ و سیاست سے دل چسپی رکھنے والوں کے لیے، بلوچستان میں انگریز حکمرانی کے پس منظر اور برطانوی تدبر و انداز حکومت سے آگاہی کے لیے مفید اور اہم ماخذ ہے۔ ڈاکٹر کوثر معروف اہل قلم ہیں۔ ان کا ترجمہ عمدہ اور رواں دواں ہے (ر - ہ)۔

**المحقق**، مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر خالد محمود شیخ۔ پتا: انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، یونی ورسٹی آف آزاد جموں اینڈ کشمیر، میرپور کیمپس۔ شمارہ جنوری ۲۰۰۰ء۔ صفحات: ۱۰۱+۳۰۔ قیمت: فی شمارہ: ۶۰ روپے۔

زیر نظر سہ سانی (اردو، عربی، انگریزی) تحقیقی مجلے میں، ایک معیار قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور علمی و تحقیقی "کساد بازاری" کے دور میں، یہ کوشش خاص حد تک کامیاب نظر آتی ہے--گو، عناوین تحقیق میں کچھ نیاپن نہیں، بایں ہمہ تحقیق علوم اسلامی کے شعبے میں اس مجلّے کا خیر مقدم ہونا چاہیے۔

"چند اہم نقاط" (ص ۵۰) میں "نکات" درست ہے۔ عربی مضمون کے بعد خالی جگہ پُر کرنے کے لیے عام سے اردو شعر دینا کیسا عجیب ہے (ص ۴۷)-- ۲۶، افراد کی مجلس مشاورت سے کیا ادارہ مشاورت کرتا ہے یا عملاً ایسا ممکن ہے؟ ۱۳، ادارتی ارکان کافی نہیں؟ علمی مجلّوں کے لیے نمایشی باتوں سے اجتناب اولیٰ ہے (ر - ہ)۔

## مطبوعات موصولہ

☆ **پاکستانی بچوں کا انسائیکلوپیڈیا**، شمارہ ۵، مدیر اعلیٰ: سید قاسم محمود۔ ناشر: اکادمی ادبیات پاکستان، ایچ ۸ / ۱، اسلام آباد ۴۴۰۰۰۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۲۰ روپے (سالانہ: ۲۰۰ روپے)۔ [بچوں کے لیے معلومات افزا دائرہ معارف کی یہ پانچویں ماہانہ قسط ہے۔ اگر یہ منصوبہ مکمل ہو گیا (خدا کرے) تو "اردو زبان کی ایک اہم اور یادگار خدمت ہو گی"۔ اس قسط میں سر والٹر سکاٹ کے معروف ناول آیون ہو کا گیارہ صفحاتی خلاصہ، مع تصاویر دیا گیا ہے۔ کیا یہ دائرہ معارف اس کا متحمل ہو سکے گا کہ آیندہ قسطوں میں بھی اسی طرح، دنیا کے جملہ معروف سیکڑوں ناولوں کے خلاصے دیے جاتے رہیں؟ غالباً نہیں، تو پھر یہ طویل خلاصہ دائرہ معارف کا ایک غیر متوازن پہلو معلوم ہو گا]۔

☆ **چراغ جلتے رہے**، صبا حسنی۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۵۰ روپے۔ قیمت: درج نہیں۔

© rasailojaraid.com